بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ﴾

میڈیا آفس
حزب التحرير
ولایہ پاکستان

حزب التحرير
HIZB UT TAHRIR

جمعہ، 17 جمادی الثانی، 1440ھ | 22/02/2019 | نمبر: 1440/34

پریس ریلیز

باجوہ-عمران حکومت اپنے عقوبت خانوں میں پڑے خلافت کے داعیوں کو تو مسلسل قید میں رکھے ہوئے ہے مگر سعودی عرب کی جیلوں میں قید پاکستانیوں سے ہمدردی کی دعویدار ہے

سعودی ولی عہد کے حالیہ دورے کے آخری دن وزیر اعظم عمران خان نے سعودی عرب میں قید 2 ہزار سے زائد پاکستانیوں کا معاملہ اٹھایا، جس پر سعودی ولی عہد نے ان کی رہائی کی یقین دہانی کروائی۔ یوں وزیر اعظم عمران خان نے یہ تاثر دینے کی کوشش کی کہ انہیں پاکستان کے لوگوں خاص طور پر جیل میں قید لوگوں کی مصیبت کا بہت خیال ہے، جیسا کہ عمران خان نے اپنے خطاب میں کہا: "محنت کش پاکستانی سعودی عرب میں مزدوری کر کے اپنے اہلِ خانہ کی کفالت کرتے ہیں، یہ لوگ میرے دل کے قریب ہیں، ان میں سے تین ہزار ایسے ہیں جو معمولی خلاف ورزیوں پر جیلوں میں قید ہیں"۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ وہی روایتی منافقت ہے جس کا مظاہرہ یہ حکومت اپنے قیام سے کرتی چلی آ رہی ہے۔ ایک طرف عمران خان سعودی عرب میں قید پاکستانیوں سے ہمدردی کا اظہار کر رہا ہے اور ان کی رہائی کا مطالبہ کر رہا ہے جبکہ اس نے اپنے ملک میں سینکڑوں لوگوں کو اغوا کر رکھا ہے۔ پاکستان میں حزب التحریر کے ترجمان نوید بٹ اور کراچی سے تعلق رکھنے والے نوجوان جنید اور نبیل اس کی نمایاں مثال ہیں، جنھیں حکومتی ایجنسیوں / اداروں نے اغوا کیا اور وہ سالہا سال سے اپنے خاندانوں اور بیوی بچوں سے دور ہیں۔

عمران خان کے مطابق سعودی عرب میں قید پاکستانیوں کو اس وجہ سے رہا کر دینا چاہیے کہ ان کے جرائم معمولی نوعیت کے ہیں تو کیا یہ مخلص مسلمان جنہیں اس بنا پر اغوا کر کے قید کیا گیا کہ وہ اُس نظامِ خلافت کے قیام کی آواز بلند کرتے تھے کہ جس کے قیام کو اللہ سبحانہ تعالیٰ نے فرض قرار دیا ہے اور جن کا جرم کسی عدالت سے ثابت نہیں، اس بات کے مستحق نہیں کہ انہیں فوری طور پر رہا کیا جائے۔

حقیقت یہ ہے کہ موجودہ حکومت بھی سابقہ جمہوری حکومتوں کی مانند اصولوں اور اقدار سے عاری ہے، اور اسلام کے بطور ریاست نفاذ کے خلاف جاری جنگ میں امریکہ کی اسی طرح اتحادی ہے جیسا کہ ماضی کی جمہوری حکومتیں تھیں۔ اس حکومت نے اپنے اوپر راست بازی کا جو لبادہ اوڑھ رکھا تھا وہ اب سرک چکا ہے اور جلد ہی پاکستان کے مسلمانوں کے ہاتھ موجودہ حکمرانوں کے گریبان پر ہوں گے۔ غنیمت ہے کہ پاکستان کے حکمران ظالمانہ روش سے منہ موڑ لیں قبل یہ کہ ان کے حق میں رسول اللہ ﷺ کا یہ فرمان پورا ہو جائے:

((إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُمْلِي لِلظَّالِمِ فَإِذَا أَخَذَهُ لَمْ يُفْلِتْهُ))

"اللہ ظالم کی رسی دراز کرتا ہے، مگر جب وہ اسے پکڑتا ہے تو پھر چھوڑتا نہیں" (ترمذی، بخاری و مسلم)

ولایہ پاکستان میں حزب التحرير کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.info
واٹس ایپ نمبر: +90-531-814-7385
ویب: http://HizbPK.page.tl
www.hizb-pakistan.com
یوٹیوب: http://YouTube.com/HTmediaPAK
ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK
ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
ڈیلی موشن: https://DailyMotion.com/HTmediaPAK